(http://fibw.blogspot.com)

اکابر کے مجرّب عملیات

کتب خانہ حسینیہ دیوبند

(http://fibw.blogspot.com)

اکابر کے مجرّب عملیات

کتب خانہ حسینیہ دیوبند

(http://fibw.blogspot.com)

اکابرؒ کے مجرّب عملیات

جو دفع بلیات و امراض کے لئے اکسیر ہیں

ناشر

کتب خانہ حسینیہ دیوبند یوپی

۲۴۷۵۵۴

(http://fibw.blogspot.com)

جملہ حقوق محفوظ

طبع دوم : ۱۴۱۵ھ ۔ ۱۹۹۴ء

قیمت : ۱۰/-

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمداً وصلوٰۃ

جس طرح جسمانی امراض کے لئے اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کی قدیم و جدید دوائیں اور مختلف قسم کے جسمانی علاج انسان کو سکھائے ہیں اسی طرح اس نے اپنے نیک و پرہیزگار بندوں کو روحانی علاج کے بھی کامیاب طریقے بتائے ہیں جن کا مشاہدہ اور تجربہ آئے دن ہوتا رہتا ہے۔

پیش نظر کتاب "ہماری پریشانیاں اور ان کا علاج" کا ایک حصہ ہے جس میں اکابر علماء اور بزرگان دین کے مجرب اور کامیاب عملیات کو افادۂ عام کے لئے کتب خانہ حسینیہ کی جانب سے شائع کیا جارہا ہے ،

امید ہے کہ روحانی علاج پر یقین رکھنے والے اس سے مستفید ہو کر لوگوں کو نفع پہنچا کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

آپ کا مخلص

قدر الزماں

ناظم کتب خانہ حسینیہ دیوبند

(http://fibw.blogspot.com)

تبرّکات

قطب الاقطاب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ماخوذ از فیوضات ربانیہ

مندرجہ ذیل دعا صبح و شام تین تین بار پڑھی جائے تمام آفات سے
حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰہم صحا صحا وحا بحا حم لا ینصرون وجعلنا من بین ایدیہم
سدا ومن خلفہم سدا فاغشیناہم فہم لا یبصرون کہٰیعص
حم عسق لا یصدعون عنہا ولا ینزفون یا رب ولا حول ولا قوۃ
الا باللہ العلی العظیم

یہ دعا ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھی جائے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بک استعین یا فتاح یا علیم یا خبیر یا نور یا ہادی
یا مبین آمنت باللہ

دیگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعتصمت باللہ واستجرت باللہ واستعنت باللہ ولا حول

ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

دیگر برائے دفع وسوسہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم ان یشا یذہبکم
ویات بخلق جدید وما ذلک علی اللہ بعزیز

دیگر برائے فلاح دارین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰہم انی اسئلک رضاک دائما والعافیۃ علی دائما والبرکۃ
المعنویۃ والحسیۃ دائما علی دائما یا رب العلمین

دیگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰہم ما مننت بہ فتممہ یا اللہ وما انعمت بہ فلا تسلبہ
وما سترتہ فلا تہتکہ وما علمتہ فاغفرہ برحمتک
یا ارحم الراحمین

اللّٰہم انا نعوذ بوصلک من صدک وبقربک من بعدک
ونعوذ بک منک فاجعلنا من اہل طاعتک وودک واہلنا
بشکرک اللّٰہم صل علی سیدنا محمد

(http://fibw.blogspot.com)

بعض عملیات

از حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

نماز برائے قضائے حاجات

حاجات مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ کو سو بار پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سو بار پڑھے۔ پھر سلام پھیر کے کہے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار۔

ف: مولانا نے فرمایا کہ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ جن کے وسیلے سے جو دعا کرے پاوے اور جو دعا کرے قبول ہو اور مجھ کو تعجب آتا ہے اس شخص سے کہ بواسطہ ان کے دعا کرے اور قبول نہ ہو۔

فائدہ جلیلہ: حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ نے چار باب میں فرمایا کہ جو عمل کہ حصول ہر مطلب میں جلالی ہو یا جمالی در حکم کبریت احمر کے ہے اور اس کو اسم اعظم شمار کیا ہے وہ آیت یہ ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا ذوالنون علیہ السلام کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں فرمائی جو مسلمان جس مطلب کے واسطے اس آیت سے دعا کرے گا قبول ہوگی اور حق یہ ہے کہ یہ دعا نہایت مجرب التاثیر اور کمال سریع الاثر ہے جس امر میں چاہے اس آیت سے دعا کرے اور مشائخ اس کی سرعت تاثیر اور عدم تخلف پر اجماع اور اتفاق رکھتے ہیں اور طریقہ دعا کا انہوں نے باقسام متعددہ تحریر کیا ہے۔ آسان تر دو طریقے ہیں ایک یہ کہ بارہ دن تک بنیت حصول مطلب بارہ ہزار بار پڑھے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو بارہ سو بار پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھ کے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کی قوت اور تاثیر میں کوئی شک نہیں اس واسطے کہ ایسا کوئی عمل نہیں کہ جس کی صحت قرآن شریف سے بھی ہو اور صحیح حدیث سے بھی اور مشائخ کے اقوال سے بھی۔

اعمال آسیب زدہ

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار اذان دے اور سورہ فاتحہ اور قل اعوذ بربّ الفلق اور قل اعوذ بربّ النّاس اور آیت الکرسی اور سورہ طارق یعنی والسماء والطارق اور سورہ حشر کی آیتیں یعنی ھو اللہ الذی سے

(http://fibw.blogspot.com)

آخر تک اور سورہ والصافات بالکل پڑھے، آسیب جل جاوے گا۔

برائے دفع جن از خانہ

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور آیت الکرسی اور پانچ آیتیں اول سورہ جن کی پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجاوے گا۔ اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو سو اسی پانی سے اس مکان کے نواحی میں چھینٹے مارے سو وہاں پھر نہ آوے گا۔

سورہ جن کی آیات مذکورہ یہ ہیں۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّهْدِیْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا وَّاَنَّهُ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّاَنَّهُ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا وَّاَنَّا ظَنَنَّا اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

برائے فرزند

بانجھ عورت کے واسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے۔
وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا پھر اس تعویذ کو اس کی گردن میں باندھے اور یہ عمل بھی عقیمہ کے واسطے ہے کہ چالیس لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے
اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ

یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ اور ایک لونگ ہر دن کھاوے اور شروع کرے حیض کے غسل سے فراغت ہونے سے اور انہی دنوں میں اس کا زوج اس سے قربت کرے۔

ف: مولانا نے فرمایا شرط اس عمل کی یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اور اس پر پانی نہ پیے۔

برائے حفاظت حمل

جو عورت بچہ ساقط کردیتی ہو تو ایک تاگا کسم کا رنگا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگادے اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ اور قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے اور پھونکے۔

برائے درد زہ

جس عورت کو درد زہ ہو یعنی لڑکا پیدا ہونے کا درد تکلیف دے تو پرچہ کاغذ میں یہ آیت لکھے وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَهْیَا اَشْرَاهِیَا اور اس پرچہ کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کے بائیں ران میں باندھے تو وہ جلد جنے گی۔ میں کہتا ہوں مجھ کو یاد ہے جلال الدین سیوطی کی کتاب درمنثور سے بروایت اعمش کہ یہ کلمہ یعنی اَهْیَا اَشْرَاهِیَا جناب موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے۔ معنی اس کے یہ ہیں کہ اے زندہ قبل ہر چیز کے اور اے زندہ بعد ہر چیز کے۔

(http://fibw.blogspot.com)

برائے زنیکہ فرزند نرینہ نزاید

جو عورت سوا لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو حمل پر تین مہینے گزرنے سے پہلے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے ۔ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ اور اس آیت کو لکھے یَا زَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامِ نِ اسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا پھر یہ لکھے ۔ بحق مریم و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہ

پھر اس تعویذ کو حاملہ باندھے رہے ۔

برائے نظر بد

انہی عزیمتوں سے یعنی جس کی والد ماجد سے اجازت ہے یہ عمل ہے اس لڑکے کے واسطے جس کو نظر لگانے والی عورت کی نظر لگ گئی اس عورت کو ڈائن اور ٹھہنائی کہتے ہیں۔ ایک گول لکیر چھری سے کھینچے آیت الکرسی اور ان آیتوں کو پڑھتے ہوئے ۔ وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَیُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّحِقَّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَیَقْطَعَ دَابِرَ الْکَافِرِیْنَ لِیُحِقَّ الْحَقَّ وَیُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَیَمْحُ اللّٰہُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ پھر یہ دعا پڑھے ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ

یَا کَفِیْلُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

پھر چھری کو کنڈل کے اندر گاڑے اور کہے کہ میں نے چھری گاڑ دی نظر لگانے والے کے دل میں، پھر اس کو ڈھانک دے رکابی کے نیچے۔

برائے گم شدہ

جس کی کوئی چیز کھو جاوے تو کہے یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس بار بدون زیادتی اور کمی کے پھر یہ آیت یٰبُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ ایک سو انیس بار پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز کو اس کے پاس پھر لادے گا۔

برائے حاجت

اور جب تو ارادہ کرے کہ حق تعالیٰ تیری مراد بر لاوے سو سورۃ فاتحہ کو پڑھ اس طرح کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملا دے۔ یکشنبہ کے دن سے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان شروع کرے ستر بار اور دوسرے دن اسی وقت ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس بار کم کرتا جاوے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے۔

برائے حل مشکلات

اور جب تو چاہے کہ اپنے خواب میں وہ حال دیکھے جس میں تیری نکاسی ہے اس تنگی سے جس میں تو مبتلا ہے تو وضو کر اور پاک کپڑے پہن اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ اور سورۃ والشمس کو سات بار اور سورہ واللیل کو سات بار اور

(http://fibw.blogspot.com)

قل ہو اللہ کو سات بار پڑھ اور دوسری روایت میں قل ہو اللہ کے عوض سورہ والتین کا سات بار پڑھنا آیا ہے۔ پھر یوں کہے۔ خداوندا مجھ کو میرے خواب میں ایسا اور ایسا دکھلا دے اور میرے اس حال میں کشادگی اور نکاسی کر دے اور میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے جس سے میں اپنی دعا کے قبول ہو جانے کو دریافت کر جاؤں۔ تو اگر تو اسی رات میں وہ چیز خواب میں دیکھے جس کو تو چاہتا ہے تو خوب ہوا۔ اور نہیں تو اسی طرح دوسری رات کو کر، سو اگر مطلب حاصل ہوا تو فہو المراد اور نہیں تو تیسری رات بھی اسی طرح کر ساتویں رات تک انشاء اللہ ساتویں رات کے آگے نہ بڑھے گا کہ حال کھل جاوے گا۔ اس عمل کو ہمارے مصاحبین نے تجربہ کیا ہے۔

برائے صرع

اور جو مرگی میں مبتلا ہو تو تانبے کا ایک برتن لے سو اس میں یکشنبہ کی پہلی ساعت میں اس برتن کے ایک کنارے پر یہ نقش کرے یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ اور دوسرے کنارے پر یہ نقش کرے یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ اور یہ نقش مریض کے گلے میں پہنائیں۔

تسکین قلب اور نیند کے لئے

بَعْدَ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی

مفتی دین محمد خاں صاحب

مجربات

حضرت الحاج سید عابد حسین صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

برائے فراخی رزق

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حضور قلب کے ساتھ بعد نماز فجر ادا کیا جائے یہ عمل حصول مقصد کے لئے تیر بہدف ہے لیکن اکل حلال اور صدق مقال نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔

درود شریف گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ اکتالیس مرتبہ بعد ازاں اکتالیس بار یہ دعا پڑھی جائے۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَھِّلْ لِیْ اَبْوَابَ رِزْقِكَ

مذکورہ دعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(http://fibw.blogspot.com)

تعویذ برائے تپ و لرزہ

ہاروت	ہاروت	گس	ل
ماروت	ماروت	فع	ف
۲۵۸	۷۸۶	یاشافی	یاکافی

یاشافی الامراض شفا عطا فرما مریض کو تپ و لرزہ وغیرہ سے

مندرجہ تعویذ کو اس طرح پہنایا جائے کہ اس کے گلے سے ملا ہوا رہے

برائے دردِ سر

ازالۂ دردِ سر کے لئے چودہ مرتبہ یَا وَهَّابُ
ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے اور پیشانی ہاتھ
سے پکڑے رہے، دردِ سر جاتا رہے گا۔

مفتی دین محمد خاں صاحبؒ

مجربات

حضرت مولانا رفیع الدین صاحب قدس سرہٗ مہاجر مدینہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند

از: الطاف ربانیہ

نقش برائے فتح مقدمہ و تسخیر حکام

۷۸۶

۱	۹۷	۹۴	۸
۹۵	۷	۲	۹۶
۶	۹۲	۹۹	۳
۹۸	۴	۵	۹۳

یا اللہ جل جلالہٗ برکت ایں نقش ہر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند

(http://fibw.blogspot.com)

برائے دردزہ

ب	ز
ط	ھ
د	ج

مندرجہ بالا تعویذ لکھ کر حاملہ کے ہاتھ میں دیدیا جائے انشاءاللہ فوری طور پر بچے کی ولادت ہوگی۔

برائے حفاظت اطفال وبندش گریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حیُّ یا قیّومُ بسم اللہ الکبیر
العظیم من شرّ العقار و من شرّ حرق النّار

مندرجہ بالا عبارت لکھ کر تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ بچوں کی حفاظت وغیرہ کے لئے نہایت نفع بخش اور مفید ہے۔

بچوں کو شرارت اور بدخوئی سے باز رکھنے کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ گلے میں پہنائیں

ططططططط ھی ھی ھی ھی ھی ھی

قدوس قدوس قدوس قدوس

قدوس قدوس باسم فلاں ابن فلاں

نوٹ: باسم فلاں ابن فلاں کے بجائے بچے اور اس کی والدہ کا نام تحریر کیا جائے

برائے حصول فرزند

مندرجہ ذیل نقش کاغذ کے سات ٹکڑوں پر تحریر کیا جائے، ہر روز ایک تعویذ شکر کے ساتھ کھلایا جائے باوضو ہونا شرط ہے۔ یہ نقش حضرت شیخ فریدالدین مسعود جودھنینؒ کی جانب منسوب ہے اور اسے تیر بہدف بتایا گیا ہے۔

سرجمع سرسرجمع	سرسرسرجمع

(http://fibw.blogspot.com)

عملیات

از حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ
صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند

برائے حل مشکلات

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمَانَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَۃٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ

دیگر

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ الْحَقِّ اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا یُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اور لفظ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ سو مرتبہ دہرائے ، یہ عمل نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد انجام دے۔

احتمال قوی بلکہ یقین کامل ہے کہ یہ دعاء بھی انہی دعاؤں میں سے ہے جن کی قبولیت کا وعدہ کیا گیا ہے۔ لہذا دونوں دعاؤں پر مواظبت کرنا چاہیے۔

برائے حب

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ

مذکورہ آیت سات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلاوے۔ اول و آخر درود شریف۔

برائے ادائے قرض

سورہ الم نشرح اکہتر مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھی جائے۔

ظالم و جابر دشمن پر غلبہ کے لئے

وقت ضرورت مندرجہ ذیل دعاء، اول و آخر درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْقَائِمِ الْکَافِیْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ ھُوَ قَوِیٌّ مِّنِّیْ بِرَبٍّ ھُوَ اَقْوٰی مِنْہُ

برائے حفظ از اسقاط حمل

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو یا مردہ بچہ تولد ہوتا ہے یا پیدائش کے بعد ہی فوت ہو جاتا ہے تو اس آیت کریمہ کو کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر اس عورت کے پیٹ پر باندھیں اور جب بچہ پیدا ہو فوری طور پر یہ تعویذ اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ اگر حمل تین ماہ سے زائد کا ہو چکا ہو تو یہ تعویذ نہ دیا جائے گا۔

حصول مراد کے بعد بقدر استطاعت شیرینی تقسیم کرکے

(http://fibw.blogspot.com)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے ایصال ثواب کردے۔

آیات کریمہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ وَبِاللّٰہِ وَمِنَ اللّٰہِ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ
خِيْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ
فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ

برائے حب

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

اڑتالیس ہزار مرتبہ زکوٰۃ کے واسطے پڑھے، دن اور روزے وغیرہ کی قید نہیں ہے مگر باوضو رہنا اور وقت معین پر پڑھنا ضروری ہے، اسی طرح گفتگو بھی نہ کرے۔ ادائیگی زکوٰۃ کے بعد روزانہ کچھ وظیفہ مقرر کرلے۔ کم ازکم سات بار، عندالضرورت سات ڈلی مصری کی لے اور اس پر پڑھ کر دم کرے اور طالب و مطلوب کے نام اور ان کے والدین کے نام بھی ہر بار میں پڑھے اور مطلوب کو کھلاوے۔ صاحب زکوٰۃ اگر اپنے مرتبہ کی بلندی چاہتا ہے تو سات مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے سامنے جائے انشاء اللہ مسخر ہوگا۔

برائے کشائش رزق

یَا وَهَّابُ ایک ہزار چار سو چودہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

کشائش رزق کے حق میں اس وظیفے کو کیمیائے درویشاں سے ملقب کرتے ہیں۔

برائے ازالۂ سحر

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو مندرجہ ذیل دعاء اور اسماء کو مشک و زعفران سے چینی کے پیالے میں یا کسی کٹورے میں تحریر کریں اور دھو کر پلائیں انشاء اللہ فوری طور پر افاقہ ہوجائے گا۔ دعاء یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ
عَظْمَةَ اللّٰهِ وَبُرْهَانَ اللّٰهِ وَصُنْعَ اللّٰهِ وَبَطْشَ اللّٰهِ وَكِبْرِيَاءَ
اللّٰهِ وَجَلَالَ اللّٰهِ وَكَمَالَ اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
اَجْمَعِيْنَ

جلیوس ملیوس ایراوس منطوس وملتومانس افنارو
ما ذرنا درونا اخنوس برحمتك یا ارحم الراحمین

سات روز تک یہ عمل کیا جائے۔

(http://fibw.blogspot.com)

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورہ یٰسین پڑھے اور ہر مبین پر پہنچ کر سات بار سورہ فاتحہ مع تسمیہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے۔

(آثار البرکۃ)

عملیات

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ محدث دار العلوم دیوبند

تعویذ جواہر الاکسیر

۷۸۶

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

مندرجہ بالا تعویذ مختلف مقاصد کے لئے ہے، اگر کوئی مریض ہو تو ایک تعویذ سات کنوؤں کے پانی سے دھو کر سات یوم پلانے کے لئے دیا جائے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے اور اگر مرض طویل ہے تو اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیے جائیں۔

ام الصبیان، اختلاج قلب اور تپ دق کی صورت میں تعویذ

(http://fibw.blogspot.com)

پر تین عدد سچے موتی (مروارید ناسفتہ) رکھ کر تعویذ کو روئی میں لپیٹے، بعد ازاں کپڑے میں سی کر گلے میں باندھ دیں۔ سات روز پینے کے لئے صرف ایک تعویذ زعفران یا سیاہی سے لکھ کر دیں یا اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے یہ تعویذ ہرن کی سفید اور کاغذ کی طرح باریک جھلی پر لکھ کر جمعرات کے دن دائیں بازو پر باندھے۔ دوسری جمعرات کو دائیں بازو سے کھول کر بائیں بازو پر باندھ دے۔ یہ عمل سات جمعرات تک کیا جائے گا۔ ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا۔ اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دے۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے تحفظہ وتشفیہ من الاسقام تحریر کر دے۔ حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہی معمول تھا۔

اس تعویذ کو اگر حب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کرے۔ اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ .... عَلٰی حُبِّ ......

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ، نقطوں کے بجائے قَلِّبْ کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام اور عَلٰی حُبِّ کے بعد طالب اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے

میں سی کر دائیں بازو پر باندھے اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دے۔ جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کرے۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ .... وَعَزِّزْہُ وَارْزُقْہُ وَکُنْ لَہٗ نَصِیْرًا

لفظ ارْحَمْ کے بعد نقطوں کے بجائے اس شخص کا نام تحریر کرے جس کے لئے تعویذ لکھا گیا ہے۔

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

برائے قوت حافظہ

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کرے اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ

برائے اضافہ شیر

دودھ میں اضافہ کے لئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھانے کے لئے دے۔

(http://fibw.blogspot.com)

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ

٧٨٦

١٢٢	٩٤	١١٤
١٠٢	١١٠	١١٨
١٠٦	١٢٦	٩٨

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔

برائے دفع آسیب (معمولی)

ایک تعویذ باندھے اور ایک تعویذ کو چراغ میں بطور فلیتہ روشن کرے۔

ب ٢	د ٤	و ٦	ح ٨
ح ٨	و ٦	د ٤	ب ٢
د ٤	ب ٢	ح ٨	و ٦
و ٦	ح ٨	ب ٢	د ٤

برائے درد سر

٧٨٦

١٨	١١	١٦
١٣	١٥	١٧
١٤	١٩	١٢

ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ

ء ء ء ء ء ء ء

یہ تعویذ سر میں باندھا جائے

برائے حفاظت حمل

٧٨٦

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

اگر اسقاط کا اندیشہ ہو تو یہ تعویذ حاملہ کی ناف پر باندھا جائے۔

(http://fibw.blogspot.com)

معمولات

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی قدس سرہٗ مفتی اعظم دار العلوم دیوبند

عطیہ جناب مولانا ابراہیم صاحب کراچوی خلیفہ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ باجازت جناب نور الحق صاحب دفتری مرحوم نبیرہ مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

برائے درد سر

۷۸۶

ھو	ھو
ھو	ھو

تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھے

برائے تپ و لرزہ

ططططططططط

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھے جس وقت سردی سے بخار شروع ہو اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہنچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلا دے۔ تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلایا جائے۔ پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دے۔ اول تو انشاء اللہ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب مذکورہ گھول کر پلا دے۔ اس طرح تین روز عمل کرے۔ انشاء اللہ پہلے ہی روز کامیابی ہوگی۔ اگر اول ولے ہی میں بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں بندھا رہنے دے۔ بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنویں یا دریا وغیرہ میں ڈال دے۔

(http://fibw.blogspot.com)

تبرکات

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ

ماخوذ و مستفاد از مکتوبات شیخ الاسلامؒ

برائے حفاظت از اعداء

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لئے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان چالیس دفعہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف تین بار پڑھ لیا کرے۔

برائے دفع سحر

(۱) اول کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے چالیس دن تک متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کرے جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس (سحر زدہ) کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جائے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتداء ہی سے نمک نہ ڈالا جائے اور جب سالن پک جائے تو مریض کے لئے کھانا نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیوے اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک

حسب عادت ڈال دیا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

(۲) جاری پانی (دریا یا نہر کا) یا سات کنووں کا پانی ایک گھڑا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت گیارہ مرتبہ اور سورہ فلق اور سورہ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ یہی عمل کرے۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِنَّ مَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى

یہ عمل اتوار کے دن شروع کیا جائے۔ جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

(http://fibw.blogspot.com)

برائے حل مشکلات

ختم سورہ یٰسین کی ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کی شام کو شب شنبہ میں بعد از مغرب یا بعد از عشاء بعد بسملہ لفظ یٰسٓ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بارہویں دفعہ یٰسٓ سے مُبِین اول تک پھر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر لفظ یٰسٓ گیارہ مرتبہ پڑھ کر لفظ یٰسٓ سے دوسرے مُبِین تک پڑھے۔ پھر اسی طرح ہر مُبِین پر پڑھتے رہیں۔ آخر مُبِین کے بعد ختم سورہ تک پڑھ کر ثواب سلطان اول کو بخشیں اور دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ ان کے طفیل میں حاجت موجودہ کو پوری کر دے۔ دوسرے دن دوسرے سلطان کے لئے اسی طرح ثواب بخشے اور دعا کرے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت ابراہیم ادہمؒ۔ ۲۔ حضرت بایزید بسطامیؒ۔ ۳۔ حضرت قاضی سنجر محمد حسینؒ۔ ۴۔ حضرت احمد خضرویہؒ۔ ۵۔ حضرت اسمٰعیل سامانیؒ ۶حضرت ابو سعید ابو الخیرؒ۔ ۷۔ حضرت سلطان محمود غزنوی رحمہم اللہ تعالیٰ۔

اسی طرح ہمیشہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

گمشدہ چیزوں کی بازیابی کے لئے

سورہ والضحیٰ سات مرتبہ پڑھے پھر اپنے اوپر انگشت شہادت پھرائیں اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہے۔

اصبحت فی امان اللّٰہ وامسیت فی جوار اللّٰہ وامسیت فی

امان اللّٰہ واصبحت فی جوار اللّٰہ پھر دستک دے ہر صبح و شام کو تا واپسی مفرور یا ضائع شدہ عمل میں لائے۔

برائے حل مشکلات

یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع قضائے حاجات مہمہ کے لئے روزانہ بارہ سو مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اور اگر کسی مریض کی شفاء مقصود ہو تو بالخیر کی جگہ بالشفاء پڑھے اور اگر کسی دشمن کا مقہور ہو تو بالخیر کی جگہ بالقہر پڑھے۔

بہتر یہ ہے کہ اولاً اس مبارک اسم کی زکوٰۃ دے دی جائے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو نہا دھو کر رات میں عشاء کے بعد سات ہزار مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک برابر اس کو جاری رکھے۔

اس کے بعد روزانہ کم از کم ایک ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ہمیشہ بلاناغہ پڑھا کرے انشاء اللہ تمام مشکلات حل ہوتی رہیں گی اور مقاصد پورے ہوتے رہیں گے۔

عمل برائے فراخی رزق

تہجد کے وقت اولاً دو رکعت نفل بہ نیت وسعت رزق پڑھے۔

پہلی رکعت میں بعد از فاتحہ سورہ لایلف پچیس مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد از فاتحہ سورہ اذا جاء نصر اللہ پچیس مرتبہ پڑھے۔ سلام پھیرنے

(http://fibw.blogspot.com)

کے بعد درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر یَا وَهَّابُ ایک ہزار چار سو چودہ مرتبہ خشوع کے ساتھ پڑھا کرے۔ اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو تو بیٹھ کر پڑھے۔ اس نماز پر مداومت کرے۔ مسواک کرنے میں سستی نہ کرے ہر وضو کے ساتھ مسواک کیا کرے۔

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسی کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ

وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ

مفتی دین محمد خان صاحب

خواص آیات

از حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مستفاد از اعمال قرآنی

تسخیر

خاصیت:۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ؕ

جس سے حاکم ناراض و خفا ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے یا لکھ کر بازو پر باندھ لیوے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہو جائیگا۔

حب

خاصیت: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ؕ

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلاوے انشاء اللہ مہربان ہو جائیگا۔ مگر واضح ہو کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔

(http://fibw.blogspot.com)

حفاظت

خاصیت: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ تا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ جو شخص یہ آیتیں شب کو پڑھ کر سورہے تو انشاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شے سے محفوظ رہے گا۔

برائے تونگری

خاصیت: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً تا وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ط کشائش رزق کے لئے ان آیتوں کو ابتداء مہینے کے جمعہ سے چالیس جمعہ تک بعد مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوسری آیت یعنی وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْہَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ کو ہر جمعہ کے بعد کاغذ پر لکھ کر کنویں میں ڈالتا جاوے۔ امید قوی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے غنی و تونگر ہو جائیگا۔

قبولیت دعاء

خاصیت: اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد کے بعد اس رکوع کو پڑھا کرتے تھے اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پڑھا کرتے تھے اس وقت پڑھ کر جو دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

شفاء

خاصیت: فَکُلُوْہُ ہَنِیْٓـئًا مَّرِیْٓـئًا اس آیت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ

نے ایک عجیب دعا استنباط فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ جو شخص اپنی زوجہ کو دین مہر میں سے کچھ نقد رقم دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لے کر پھر اپنے شوہر کو بخش دے۔ اس زر نقد سے شہد خرید کیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور شفا پائیگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

ہول دل

خاصیت: لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ ط یہ آیت ہول دل کے لئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکاوے کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے بلکہ اس کو کپڑے یا دھاگے سے باندھ دے تاکہ قلب سے نہ ہٹنے پائے۔

حب

خاصیت: ھُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِہِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِہِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَہُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ط محبت کے لئے شیرینی پر دم کر کے کھلاوے۔ دلی محبت انشاء اللہ تعالیٰ ہو جاوے گی۔

حصول شفاعت

خاصیت: لَقَدْ جَآءَکُمْ سے ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ تک۔ جو کوئی ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ روز حشر

(http://fibw.blogspot.com)

